مسافرانِ آخرت

ادارہ

حضرت مولانا قاری شریف احمدؒ کی رحلت:......۱۲ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ بروز اتوار استاذ القراء والعلماء حضرت مولانا قاری شریف احمدؒ انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت قاری صاحب کی ولادت ۱۳۳۲ھ، بمطابق ۱۹۱۴ء میں ضلع کیرانہ مظفرنگر میں ہوئی۔ علوم دینیہ کی تعلیم مدرسہ امینیہ دہلی اور دارالعلوم دیوبند میں حاصل کی اور ۱۳۵۷ھ میں جامعہ اسلامیہ ڈابھیل سے دورۂ حدیث کر کے سند فراغت حاصل کی۔ آپ کے اساتذہ میں حافظ رحمت اللہ کیرانویؒ، مفتی کفایت اللہ دہلویؒ، مولانا سید بدر عالم میرٹھیؒ وغیرہ جیسے اساطین علم شامل ہیں۔ جامع مسجد سٹی اسٹیشن کراچی میں کئی سال تک امامت وخطابت کے فرائض سر انجام دیتے رہے۔ آپ کی رحلت دینی حلقوں کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی کامل مغفرت فرمائے۔ آمین

حضرت مولانا عبدالحنان صاحبؒ جہانگیروی کا سانحۂ ارتحال:......دارالعلوم دیوبند کے قدیم فاضل اور شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے شاگرد حضرت مولانا عبدالحنان صاحبؒ ۲ جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ بمطابق ۶ مئی ۲۰۱۱ء بروز جمعۃ المبارک سو سال کی عمر میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

آپ کی ولادت ۱۹۱۲ء میں ہوئی۔ ۱۹۳۶ء، ۱۹۳۵ء کے قریب قریب آپ نے دارالعلوم دیوبند سے دورۂ حدیث کیا اور اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوئے۔ آپ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے ماموں تھے۔ ساری زندگی علم اور اہل علم کی خدمت میں گزاری۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی کامل مغفرت فرمائے۔

حضرت مولانا محمد مراد ہالیجویؒ کی وفات:......جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی نائب امیر، جامعہ حمادیہ منزل گاہ سکھر